Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

عظمی بخاری کے بیان پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

عوام کا سمندر جیسے جیسے اپنی منزل سے قریب تر ہو رہا ہے کنیزوں اور درباریوں کی بے چینی میں شدت آتی جا رہی ہے، عظمی بخاری اور ان کے رفقاء کی کئی روز سے جاری چیخ و پکار عوام کو خوفزدہ کرنے کی بجائے اپنے حق کی جدوجہد کیلئے مزید پر عزم اور متحرک کرنے کا موجب بنی،

مریم نواز کی خاص ذاتی ملازمہ اپنی دن رات کی سر توڑ مشقت کے باوجود نوکری چھن جانے کے خوف سے شدید گھبراہٹ میں مبتلا ہیں،

پاکستانی قوم کو دہشت گردوں سے تشبیہ دے کر مسلسل دھمکیاں دینے کے بعد آج نوبت یہاں تک آن پہنچی کہ الفاظ بھی زبان کا ساتھ چھوڑ گئے،

آج کی پریس کانفرنس میں بالآخر عظمی صاحبہ نے اپنی کم عقلی اور نااہلی کا اعتراف کرلیا کہ انکی اور ان کے مالکان کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کی حد کیا ہے،

این آر اوز کی پیداوار حکومت کے پیادے حسب عادت عمران خان کی اہلیہ کے خلاف گھٹیا پروپیگنڈہ کے ذریعے قوم کو گمراہ کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں،

عظمی بخاری اور ان کے ساتھی اگر تعصب کی عینک اتار کر دیکھیں تو عوام کا آگے بڑھتا سونامی دیکھ کر شاید ان کے مردہ ضمیر میں کچھ جان پیدا ہو جائے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

فسطائیت، جبر اور الزام تراشی پر مبنی بیانات کے ذریعے عوام کو خوفزدہ اور گمراہ کرنے کا وقت اب گزر چکا، باشعور پاکستانی قوم تمام رکاوٹیں عبور کر کے اپنی منزل تک پہنچے گی اور مینڈیٹ چوروں سے اپنا ہر حق چھین کر رہے گی، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ